فوری ریلیز کے لیے: 5/12/2022 ***گورنر KATHY HOCHUL***

گورنر HOCHUL نے راچسٹر کے لیے 10$ ملین کے ڈاون ٹاؤن احیائے نو کے اقدام کے حصے کے طور پر تغیر و تبدل کے پروجیکٹس کا اعلان کیا

راچسٹر کی متحرک ثقافت میں اضافہ کرنے کے لیے ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کے پانچ پروجیکٹس

10$ ملین ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کا اقدام کمیونٹی کو مالا مال کرنے، کاروبار کو فروغ دینے اور ہاؤسنگ کے مواقع کی تخلیق کے لیے اسٹریٹیجک ہدف کا حصہ ہے

پروجیکٹس کی تفصیلات یہاں دستیاب ہیں

گورنر Kathy Hochul نے آج 10 $ ملین کے ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کے اقدامی ایوارڈ کے حصے کے طور پر راچسٹر شہر میں تغیر و تبدل کے پانچ پروجیکٹس کا اعلان کیا ہے۔ ایوارڈز نئے تعمیراتی پروجیکٹس اور تاریخی پراپرٹیز کے از سر نو ترقیاتی کام کے ساتھ کمیونٹی کی دوبارہ ترقی کی نمایاں سرمایہ کاریوں سے فائدہ حاصل کریں گے۔ راچسٹر کے احیائے نو کے پروجیکٹس کی تفصیلات یہاں دستیاب ہیں۔

"ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کے اقدام کے ذریعے، ہم اس بات کو یقینی بنانے میں مدد دے رہے ہیں کہ ہمارے مقامی شراکت داروں کے پاس وہ وسائل ہیں جو انہیں نیویارک کے ڈاؤن ٹاؤنز میں اضافہ کرنے کے لیے درکار ہیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "اس 10$ ملین ایوارڈ کے ساتھ، ہم راچسٹر کے لیے ایک نئے دور کا آغاز کر رہے ہیں اور رہائشیوں کے لیے مزید مواقع پیدا کر رہے ہیں کیونکہ ہم کمیونٹی کو رہائش، کام کرنے اور کھیل و تفریح کے لیے ایک بہتر مقام میں تبدیل کر رہے ہیں۔"

راچسٹر شہرکی بحالی نو تجدید کردہ سرگرمی اور زندہ دلی کے ساتھ جگہ کا ایک بہتر احساس پیدا کرنے پر مرکوز ہے۔ ایوارڈز ہاؤسنگ، رہائشی انتظامات، تجارتی مقامات اور عوامی بنیادی ڈھانچے میں بہتریاں شامل کر کے ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کے اقدام کو تبدیل کر دیں گے۔

یہ سرمایہ کاریاں ریاستی معیشت کی احیائے نو کرنے اور فنگر لیکس کے علاقوں کے اندر مزید مواقع پیدا کرنے کے لیے گورنر کی جاری کوششوں کا حصہ ہیں۔ ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کے اقدام کی قیادت ریاستی محکمے کی جانب سے کی جاتی ہے جو تکنیکی مدد فراہم کرتا ہے کیونکہ ہر حصہ لینے والی کمیونٹی اسٹریٹیجک سرمایہ کاری کا منصوبہ (Strategic Investment Plan) تیار کرتی ہے جس میں ڈاؤن ٹاؤن کے علاقوں کے احیائے نو کے منفرد نظریے کے ساتھ مخصوص پروجیکٹس کی شناخت کی جاتی ہے۔

ڈاؤن ٹاؤن کے احیائے نو کے اقدام کی مدد سے جن مخصوص پروجیکٹس کو فنڈ دیئے جاتے ہیں اُن میں شامل ہیں:

مرکزی اور کلنٹن کارنر میں تبدیلی - DRI ایوارڈ: 4,000,000$
چار، تاریخی مخلوط استعمال کی عمارتوں کی دوبارہ تعمیر کی جائے گی جو تقریباً چار دہائیوں سے شہری منظر نامے پر تباہ کن و بوسیدہ حالت میں ہیں۔ یہ ایک وسیع تاریخی تزئین و آرائش ہے جو کاربن کے اخراج و تدارک میں

توازن کے لیے بھی کوشش کرے گی اور ڈاون ٹاؤن کے ایک نمایاں کارنر پر اوسط آمدنی کے حامل ہاؤسنگ یونٹس اور جدید اسٹور فرنٹ تخلیق کرے گی۔

تاریخی ایڈورڈز عمارت کی تزئین و آرائش - DRI ایوارڈ: 1,750,000$
ملحقہ پارکنگ لاٹ کے نیچے ایک ضلعی متعاون جیوتھرمل کی تخلیق کے ساتھ طویل عرصے سے خالی ایڈورڈز بلڈنگ کی تصدیق شدہ تاریخی بحالی نو مربوط ہو گی۔ تقریباً کُل 114 نئے ہاؤسنگ یونٹس اور گراؤنڈ فلور تجارتی جگہ شامل کی جائے گی۔

الٹا وسٹا کا ترقیاتی کام - DRI ایوارڈ: 1,385,000$
ڈاون ٹاؤن راچسٹر میں چار خالی لاٹس پر تقریباً 6 منزلہ، 76 یونٹ کی مخلوط آمدنی والی عمارت تعمیر ہو گی۔ اس پروجیکٹ میں گھریلو تشدد کے پسماندہ افراد کے لیے معاونت پذیر ہاؤسنگ یونٹس اور لینڈ مارک سوسائٹی برائے مغربی نیویارک کے لیے جگہ شامل ہے۔ اس پروجیکٹ سے ملحقہ سینٹ جوزف پارک میں بھی بہتریاں لائی جائیں گی۔ نئی روشنی، راستے، اور ساختی بہتریاں اس عوامی اور بیرونی تقریب کی جگہ کو مزید بہتر بنا دیں گی۔

مرکزی سٹریٹ کامنز کی تعمیر - DRI ایوارڈ: 1,300,000$
ڈاؤن ٹاؤن کے مرکز میں ایک نئی بیرونی عوامی جگہ کی تخلیق اور سینٹ پال سٹریٹ اور کلنٹن ایونیو کے درمیان راہگیری روابط میں بہتری لائی جائے گی۔ یہ پروجیکٹ موجودہ 600 فٹ لمبے سُپر بلاک کو چہل قدمی کے قابل مزید دو شہری بلاک کی لمبائیوں میں تقسیم کر دے گا۔

کریسج عمارتی ہوٹل کی تخلیق - DRI ایوارڈ: 1,265,000$
تین منزلہ کریسج کی عمارت کی تقریباً 28 کمروں پر مشتمل بُوتیک ہوٹل میں دوبارہ تعمیر کی جائے گی جس میں گراؤنڈ فلور پر مرکزی سٹریٹ، ڈویژن سٹریٹ، اور مجوزہ مرکزی سٹریٹ کامنز کے سامنے پُرتکلف کھانے اور مشروبات کے بڑے ہوٹل موجود ہوں گے۔

نیویارک کے سیکرٹری برائے ریاست Robert J. Rodriguez نے کہا، "تخلیق اور تخیل ہمارے ڈاؤن ٹاؤنز کو احیائے نو عطا کرنے کے کلیدی اجزاء ہیں۔ ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کے اقدام کے ایک حصے کے طور پر آج اعلان کیے گئے پروجیکٹس راچسٹر کے مستحکم منصوبے کے دوبارہ تصور کرنے کی ایک بہترین مثال ہیں کہ کمیونٹیز عوامی مقامات، مخلوط استعمال کی عمارتوں اور ثقافتی مواقع کے ذریعے کیسے مربوط ہیں۔ پروجیکٹ کے فاتحین کو مبارکباد۔"

امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کی صدر، CEO، اور کمشنر Hope Knight نے کہا، "راچسٹر کے مرکزی شہر میں، کمیونٹی کی سربراہی میں یہ ہدف شدہ، ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کی اقدامی سرمایہ کاریاں مقامی کاروباروں کو معاونت دینے اور اقتصادی ترقی کو فروغ دینے کے لیے درکار اقتصادی انجنز کو مزید تقویت فراہم کریں گی۔ پانچ تغیر و تبدل کے، جامع پروجیکٹس شہر کے ڈاؤن ٹاؤن علاقے میں نئی زندگی پیدا کرنے کے لیے کام کریں گے، ایسی متحرک جگہیں اور مقامات تخلیق کریں گے جو راچسٹر کے رہائشیوں کی موجودہ اور آنے والی نسلوں دونوں کو فائدہ پہنچائیں گے۔"

گھروں اور کمیونٹی کی تجدید نو کی کمشنر RuthAnne Visnauskas نے کہا، "نیویارک کا ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کا اقدام نئے اقتصادی مواقع پیدا کر رہا ہے، ہمارے ہاؤسنگ ذخائر میں اضافہ کر رہا ہے، اور ہماری ریاست بھر کے گردونواح میں ذریعہ معاش کو بہتر بنا رہا ہے۔ ہم اس بات پر خوش ہیں کہ آج کا اعلان، شہر میں ہاؤسنگ کے مزید مواقع فراہم کرنے کی ہماری کامیاب کوششوں کی بنیاد پر استوار، ڈاؤن ٹاؤن راچسٹر میں 190 سے زائد نئے گھروں کی تعمیر میں مدد دے گا اور اس بات کو یقینی بنائے گا کہ راچسٹر کے ترقیاتی فوائد آمدنی سے قطع نظر ہر فرد کے لیے ہوں۔"

ریاستی سینیٹر Jeremy Cooney نے کہا، "یہ پانچ متنوع ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کے پروجیکٹس راچسٹر کی اقتصادی ترقی اور متحرک ہونے میں ایک اہم سرمایہ کاری ہیں۔ یہ ایوارڈ یافتگان اس بات کو یقینی بنانے میں مدد دیں

گے کہ کمیونٹیز آپس میں مربوط ہیں اور ہمارے شہر کی تاریخ کو محفوظ رکھتے ہوئے رہائش، کام کرنے اور کھیل و تفریح کے لیے قابل رسائی اور پائیدار مقامات تخلیق کر کے زندگی کے بہتر معیار کی حامل ہیں۔ میں ایوارڈ وصول کنندگان کو مبارکباد پیش کرتا ہوں اور گورنر Hochul، امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ، اور FLREDC کا ان کے تعاون کے لیے شکر گزار ہوں۔"

رکن اسمبلی Harry Bronson نے کہا، "ان پانچ پروجیکٹس میں سے ہر ایک راچسٹر کے نئے روشن مستقبل کی نمائندگی کرتا ہے۔ ہمارے ریاستی بجٹ میں ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کے اقدام کو ترجیح دینے اور راچسٹر کو 10$ ملین فراہم کرنے میں ہماری مدد کرنے کے لیے گورنر Hochul کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ اسمبلی کی معاشی ترقیاتی کمیٹی کے صدر کے طور پر، میں اس بات سے واقف ہوں کہ ہمارے شہر کا منظر نامہ نئے کاروباروں کو راغب کرنے اور راچسٹر کے تاریخی ڈاؤن ٹاؤن میں زندگی کے ازسرِ نو آغاز کے لیے کتنا اہم ہے۔ یہ پانچ پروجیکٹس قابل استطاعت ہاؤسنگ کی تخلیق، سرسبز مقامات کو بہتر بنانے، اور ہماری ڈاؤن ٹاؤن کمیونٹی کی تعمیر پر توجہ مرکوز کرتے ہیں۔ جیسے ہی ان مقامی پروجیکٹس پر تعمیر شروع ہو جائے گی، مقامی مزدور طبقہ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے رہنمائی فراہم کرے گا کہ یہ فنڈنگ سب کے لیے ایک مساوی اور جامع معیشت بنانے میں مدد فراہم کرے۔"

رکن اسمبلی Demond Meeks نے کہا، "میں گریٹر راچسٹر کمیونٹی کو مسلسل حمایت فراہم کرنے کے لیے گورنر Hochul کا مشکور ہوں۔ ہمیں اپنے شہر کے مرکز میں تغیر و تبدل کی سرمایہ کاریاں کرنے کی ضرورت ہے۔ ان جیسے جرات مندانہ پروجیکٹس ہمارے ڈاؤن ٹاؤن کے علاقے کو نئی زندگی عطا کرنے کے لیے اشد ضروری ہیں۔ وہ ہماری کمیونٹی کے افراد کی خدمت کے لیے ہمارے تاریخی بنیادی ڈھانچے کے اہم حصوں کو، ملازمت اور ہاؤسنگ کے مواقع سمیت دوبارہ بہتر بنائیں گے۔ مجھے امید ہے کہ آنے والی نسلوں تک ہمارے گردونواح اور خاندانوں کے لیے یہ اقدامات ہمارے عظیم عزم کے حصے کی نمائندگی کریں گے۔"

خاتون اسمبلی Sarah Clark نے کہا، "آج کا دن راچسٹر کمیونٹی کے لیے ایک ناقابل یقین حد تک دلچسپ دن ہے، جو ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کے پروجیکٹس کی تاریخی سرمایہ کاریوں میں سے ایک لایا ہے جو آنے والی نسلوں کے لیے گریٹر راچسٹر خطے کے رہائشیوں کی زندگیوں کو بہتر بنائے گی۔ گھریلو تشدد کے پسماندگان کے لیے قابل استطاعت ہاؤسنگ اور خصوصی ہاؤسنگ کی اشد ضرورت کو پورا کرنے سے لے کر، ڈاؤن ٹاؤن کے اضافی تقریبات کے مقامات، خوراک اور مشروبات، اور رہائش تک، ہماری مقامی معیشت کو فروغ دینے کی خاطر - ان میں سے ہر ایک پروجیکٹ ہمارے خطے کے لیے منفرد مواقع فراہم کرتا ہے۔ گورنر Hochul، فنگر لیکس علاقائی معاشی ترقیاتی کونسل اور حکومت اور کمیونٹی اسٹیک ہولڈرز میں ہمارے تمام شراکت داروں کا راچسٹر شہر میں ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کے اقدام کو لانے کے لیے باہمی تعاون کرنے پر شکریہ ادا کرتی ہوں۔"

رکنِ اسمبلی Jen Lunsford نے کہا، "یہ سرمایہ کاری ڈاون ٹاؤن راچسٹر کو صحیح معنوں میں اس طرح تبدیل کر دے گی جس سے آس پاس کے گردونواح کو منافع حاصل ہو گا۔ مرکز اور کلنٹن کی تزئین و آرائش، خاص طور پر، جو ہمارے شہر کے گیٹ وے کے طور پر کام کرتی ہے، ہمارے ڈاؤن ٹاؤن علاقے کی اقتصادی ترقی کے لیے اہم ہو گی۔ میں ان پروجیکٹس کی معاونت کرنے پر خوشی محسوس کرتی ہوں۔"

مونرو کاؤنٹی کے ایگزیکٹیو Adam Bello نے کہا، "ڈاؤن ٹاؤن راچسٹر کے لیے مرکزی اہمیت کا حامل ہے - اور راچسٹر مونرو کاؤنٹی کا مرکز ہے۔ یہ اہم فنڈنگ ڈاؤن ٹاؤن کی بحالی نو کے لیے جاری پروجیکٹس کی تکمیل کرتی ہے، اور مزید اقتصادی ترقی کو فیول دیتی ہے جس سے ہماری کمیونٹی کی ترقی میں مدد ملے گی۔ مونرو کاؤنٹی کی معیشت اور گردونواح کو ترجیح دینے کے لیے گورنر Kathy Hochul کا، ایک بار پھر شکریہ کرتا ہوں۔"

راچسٹر کے میئر Malik Evans نے کہا، "راچسٹر کے ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کے اقدام کے لیے منتخب کیے گئے پروجیکٹس ہمارے مرکزی شہر کے مرکز میں اشد ضروری متحرکات کو واپس لائیں گے اور ایک ایسے ڈاؤن ٹاؤن کی تخلیق کے لیے ہمارے کیے جانے والے کام کی ناقابل یقین رفتار کو تیز کریں گے جہاں ہر کوئی رہائش اختیار کر سکتا ہے، کام کر سکتا ہے اور کھیل و تفریح سے لطف اندوز ہو سکتا ہے۔ میں گورنر Hochul اور امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ فنگر لیکس فارورڈ اقدام (Empire State Development Finger Lakes Forward Initiative) کا

ہمارے شہر میں اس سرمایہ کاری کے ساتھ راچسٹر کو معاونت دینے کے لیے شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں۔ یہ فنڈز ایک خوشحال مستقبل کے ساتھ پُرامید شہر کی تخلیق میں ہماری کوششوں کو آگے بڑھائیں گے۔"

فنگر لیکس علاقائی معاشی ترقیاتی کونسل کے شریک صدر Bob Duffy، صدر اور CEO، گریٹر راچسٹر چیمبر آف کامرس اور ڈاکٹر Denise Battles، ریاستی یونیورسٹی برائے نیویارک جینیسیو کی صدر نے کہا،
"FLREDC کو گورنر کے ڈاون ٹاؤن احیائے نو کے اقدام کی جانب سے راچسٹر شہر اور اس کے دلچسپ مستقبل کے لیے ہماری حمایت جاری رکھنے پر ناقابل یقین حد تک فخر ہے۔ یہ پانچ منتخب کردہ، کمیونٹی سے فروغ پذیر پروجیکٹس رہائشیوں اور سیاحوں دونوں کو یکساں طور پر فائدہ بہم پہنچائیں گے، اقتصادی ترقی کو فروغ دیں گے اور ایک زیادہ متحرک شہر کی تخلیق کریں گے، ایک ایسی جگہ جہاں آنے والی نسلوں تک افراد کے لیے رہائش، کام، اور کھیل وتفریح کا سامان ہو گا۔"

ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کا اقدام

ریاست نیو یارک کا ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کا اقدام، جو کہ اس کے اقتصادی ترقی کے پروگرام کا سنگ بنیاد ہے، ڈاؤن ٹاؤن کے گردونواح کے علاقوں کو پُررونق مراکز میں تبدیل کرتا ہے جو اعلیٰ معیار کی زندگی پیش کرتے ہیں اور دوبارہ ترقی، کاروبار، ملازمت کی تخلیق، اور اقتصادی اور رہائشی تنوع کے لیے کشش کے حامل ہیں۔ امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ، گھروں اور کمیونٹی کی تجدید نو اور ریاست نیویارک محکمہ برائے توانائی کی تحقیق اور ترقی کی مدد سے محکمۂ خارجہ کی سربراہی میں، ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کا اقدام ایک بے مثال اور جدید "منصوبہ سازی-پھر-عمل" حکمتِ عملی کی نمائندگی کرتا ہے جو اسٹریٹیجک منصوبہ بندی کو فوری عمل درآمد سے جوڑتا ہے اور اس کے نتیجے میں مربوط، راہگیری ڈاؤن ٹاؤن تخلیق ہوتے ہیں جو ریاست نیویارک کو COVID-19 کی عالمی وباء کے اثرات سے اپنی معیشت کی تعمیر نو کرنے میں مدد دینے نیز عوامی سواریوں کے استعمال کو فروغ دے کر اور نجی گاڑیوں پر انحصار کم کر کے ریاست کے جرات مندانہ موسمیاتی اہداف کو حاصل کرنے کے ضمن میں ایک اہم جزو ہیں۔ ڈاؤن ٹاؤن کے احیائے نو کے اقدام کے بارے میں مزید معلومات یہاں دستیاب ہیں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418